انجمن خُدّامُ القُرآن
ماہانہ خبر نامہ
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ
بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
شمارہ نمبر: 17
جون 2020ء بمطابق شوال المکرم 1441ھ
زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔

فرمانِ الٰہی

مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشۡرُ اَمۡثَالِهَا ۚ وَمَنۡ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجۡزٰٓى اِلَّا مِثۡلَهَا وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ (الانعام : 160)

جو شخص کوئی نیکی لے کر آئے گا اس کے لیے اس جیسی دس نیکیوں کا ثواب ہے اور جو شخص کوئی بدی لے کر آئے گا، تو اس کو صرف اسی ایک بدی کی سزا دی جائے گی، اور ان پر کوئی ظلم نہیں ہوگا۔

فرمان نبوی ﷺ

عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الأَنْصَارِيِّ رضی اللہ عنہ أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ كَانَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ (رواہ مسلم)

حضرت ابوایوب الانصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ماہ رمضان کے روزے رکھے پھر شوال کے چھ روزے رکھے تو گویا اس نے پورے سال کے روزے رکھے۔

اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قارئین کرام السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ اللہ تعالی سے امید ہے کہ خبر نامہ انجمن کا شمارہ ماہ جون آپ کو ایمان وصحت کی سلامتی اور اہل وعیال کی خیریت کے ساتھ موصول ہوگا۔ قارئین کرام ماہ رمضان المبارک اپنی تمام تر فضیلتوں اور برکتوں کے ساتھ رخصت ہوا۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اس ماہ مبارک میں جو بھی ہم سے عبادات اور محنتیں وکوششیں ہوئیں ہیں کچھ شک نہیں کہ یہ سب اللہ کی تائید توفیق اور تیسر سے ہی ہوئیں ہیں۔ اللہ تعالی ان عبادات کو محض اپنے فضل وکرم سے قبول فرمائے اور ہمارے لئے توشہ آخرت بنائے (آمین)۔ قارئین کرام! روزہ کا اصل حاصل اللہ تعالی کی نافرمانی سے بچنے کا جذبہ اور قوت پیدا ہوجاتا ہے۔ اسی طرح سے رمضان کا اصل تحفہ اور اصل حاصل قرآن حکیم سے ہمارا تعلق پیدا ہوجاتا ہے، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ آئندہ پوری زندگی میں اللہ تعالی ہمیں نافرمانی سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے اور قرآن حکیم کے ساتھ ایک مضبوط تعلق پیدا کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیر تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں الحمدللہ آن لائن کلاسز جاری ہیں۔ جس میں Lessons of Arabic language برائے حضرات وخواتین میں تدریس کے فرائض جناب عارف عرفان اللہ صاحب نے جبکہ لفظی ترجمہ برائے خواتین اور تجوید القرآن برائے خواتین میں تدریس کے فرائض ناظمہ صاحبہ اور حفظ کلاس برائے طلبہ شعبہ حفظ میں تدریس کے فرائض قاری دیدار و عطاالرحمٰن صاحبان نے ادا کئے Lesson of Arabic language کے طلبہ کو رمضان المبارک میں سورۃ البقرۃ سے تذکیر بالقرآن کروائی گئی۔ قرآن اب آسان برائے حضرات اور قرآن اب آسان برائے خواتین کی تکمیل ہوئی جس میں تدریس کے فرائض شارق عبداللہ صاحب نے جبکہ شعبہ خواتین میں تدریس کے فرائض ناظمہ صاحبہ نے ادا کئے اسی طرح بنیادی عربی گرامر اور سیرت النبی ﷺ کورس کی بھی تکمیل ہوئی۔ جس میں تدریس کے فرائض جناب محمد نعمان صاحب اور ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کئے۔ آئندہ ماہ ان شاءاللہ قرآن مجید کی صرفی و نحوی ترکیب برائے حضرات و خواتین کورس اور سیرت النبی ﷺ کورس اور ناظرہ و قاعدہ کورس 5 جون سے شروع ہونگے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب محمد نعمان صاحب، جناب ڈاکٹر الیاس صاحب اور متفرق معلمین اور معلمات ادا کریں گے۔

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یاسین آباد میں بھی لاک ڈاؤن کی وجہ سے تعلیمی سرگرمیاں فی الحال موقوف ہیں البتہ مسجد جامع القرآن میں پنجگانہ نماز اور نماز جمعہ کا الحمداللہ اہتمام ہے۔ رمضان المبارک میں نماز تراویح کا بھی الحمد اللہ انعقاد ہوا۔ حکومت کی طرف سے عائد کردہ احتیاطی تدابیر کو ملحوظ رکھتے ہوئے 9 معتکفین نے مسجد میں اعتکاف کی سعادت حاصل کی اللہ تعالیٰ کے ان مہمانوں کے لئے افطاری عشائیہ و افطاری کا اہتمام بھی کیا گیا۔ ستائیسویں شب سے انتیسویں شب تک بعد نماز تراویح الحمد اللہ مختصر خلاصہ مضامین قرآن کا بھی اہتمام ہوا۔ جس میں مدرس کی ذمہ داری معتمد ادارہ استاذ احمد علی صاحب نے ادا کی۔ جمعۃ الوداع اور پھر نماز عید کا بھی اہتمام حکومت کی طرف سے عائد کردہ احتیاطی تدابیر کو ملحوظ رکھتے ہوئے کیا گیا۔

جمعہ میں اب اردو خطاب کا بھی باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ مدرسۃ القرآن میں حافظ و قاری صاحبان آن لائن تدریس میں مصروف ہیں۔ رمضان المبارک میں انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام آن لائن کورس میں قرآن حکیم کی صرفی و نحوی تحلیل کا انعقاد بھی ہوا جس میں الحمدللہ سورۃ یٰسین اور سورۃ الواقعہ کا ترجمہ گرامر کے قواعد کے ساتھ کروایا گیا جس میں تدریس کی ذمہ داری ناظم تعلیم، استاذ عاطف محمود صاحب نے ادا کی۔ آخری عشرہ میں موصوف اعتکاف میں تھے تو مسجد سے آن لائن کلاسس لیتے رہے، الحمدللہ

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں رمضان المبارک میں انجمن خدام القرآن سندھ کی جانب سے جاری کردہ آن لائن کورسز میں مدیر ادارہ نے بچوں کے لیے منعقد کردہ آن لائن دینی تربیتی کورس میں تدریس کی سعادت حاصل کی۔ مسجد میں نماز تراویح کا اہتمام ہوا، جس میں حکومت کی طرف سے عائد کردہ احتیاطی تدابیر کو ملحوظ رکھا گیا۔ رمضان المبارک کے آخری جمعہ سے الحمد اللہ اردو خطاب کا بھی آغاز کر دیا گیا۔ جس کی سعادت فی الوقت مولانا سعید الامین صاحب حاصل کر رہے ہیں۔

قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں 27 اپریل سے ہفتہ میں تین دن درس حدیث کی آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری رہا۔ جس میں جناب نعمان اختر صاحب نے تدریس کی ذمہ داری ادا کی۔ ملک میں جاری لاک ڈاون کے باعث مدرسۃ القرآن للحفظہ والقراۃ میں واٹس ایپ پر شعبہ حفظ کی کلاسز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ دی ہوپ اسلامک اسکول میں لاک ڈاون کے باعث چھٹیاں جاری ہیں طلبہ وطالبات کو summer vocation work مہیا کیا گیا ہے۔

قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی میں مدرسۃ القرآن میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس اور مختلف سرگرمیاں لاک ڈاؤن کے باعث موقوف ہیں ۔ مدرسۃ النبین کے حفظ القرآن میں 41 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 53 طلبہ زیرِ تعلیم ہیں مدرسۃ البنات میں 71 طلبات زیرِ تعلیم ہیں۔

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد، حیدر آباد میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے تمام تعلیمی و تدریسی سرگرمیاں موقوف ہیں البتہ آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری رہا۔ جس میں تجوید القرآن استاذ فاروق پاشا صاحب جب کہ آسان عربی گرامر میں استاذ یاسر شیخ صاحب تدریس کی ذمہ داری ادا کرتے رہے۔ الحمد للہ دونوں کلاسز رمضان المبارک کے اختتام تک مکمل ہو چکی ہیں۔ اچھی تعداد میں حضرات و خواتین نے شرکت کی۔ الحمد للہ رمضان المبارک میں لطیف آباد میں دو مقامات پر محدود پیمانے پر دورہ ترجمہ قرآن کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مقامی مدرسین نے ترجمہ و تشریح کی ذمہ داری ادا کی۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ نوع انسانی جلد از جلد اس وبا سے نجات پائے (آمین)

شعبۂ سمع و بصر

1. خلاصۂ مضامینِ قرآن

ماہِ رمضان المبارک میں 25-20 منٹ کے دورانیہ پر مشتمل جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا بیان کردہ "خلاصۂ مضامینِ قرآن" کا ایک پارہ روزانہ رات 8 بجے قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ کے علاوہ فیس بک اور یوٹیوب پر نشر کیا گیا۔

2. دورۂ ترجمۂ قرآن (Qtv)

Qtv پر رمضان المبارک کے دوران روزانہ رات 9:30 تا 12:00 بجے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا دورۂ ترجمۂ قرآن براہِ راست نشر ہوا جس میں آیات اور اہم نکات اسکرین پر دکھانے کے لیے شعبۂ ملٹی میڈیا کی طرف سے مکمل تکنیکی معاونت فراہم کی گئی۔

3. دورۂ ترجمۂ قرآن (Metro 1 News)

میٹرو وَن نیوز چینل کو جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا گزشتہ سال 2019ء کا دورۂ ترجمۂ قرآن کی مکمل ریکارڈنگز فراہم کی گئیں جو کہ میٹرو وَن نیوز چینل پر رمضان المبارک کے دوران روزانہ رات 10 بجے بعنوان "بیانِ رمضان" نشر کی گئیں۔

4. مطالباتِ قرآن (Neo News)

جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے بیان کردہ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب بعنوان "مطالباتِ قرآن" کی مکمل ریکارڈنگز نیو نیوز چینل کو فراہم کی گئیں۔ مذکورہ پروگرام رمضان المبارک کے دوران روزانہ صبح 7:05 بجے نیو نیوز چینل پر نشر کیا گیا۔

5. راوی ٹی وی (Raavi TV)

راوی ٹی وی کو درجِ ذیل پروگرامز فراہم کیے گئے جو کہ ماہِ رمضان المبارک کے دوران نشر کیے گئے:

1. تعلیماتِ قرآن (شجاع الدین شیخ صاحب) روزانہ 3:00 AM (سحری ٹرانسمیشن)
2. بیان الہدیٰ (انجینئر نعمان اختر صاحب) روزانہ 4:00 AM (سحری ٹرانسمیشن)
3. سفرِ رمضان (شجاع الدین شیخ صاحب) روزانہ 4:40 AM (سحری ٹرانسمیشن)
4. بیانِ سیرت (شجاع الدین شیخ صاحب) روزانہ 6:05 AM (افطار ٹرانسمیشن)

ضرورت ہے

دی ہوپ اسلامک اسکول میں سائنس اور انگلش کے مضامین کی تدریس کے لیے دینی مزاج کے حامل حضرات و خواتین کی ضرورت ہے، خواہش مند حضرات و خواتین اپنے مکمل کوائف کے ہمراہ رابطہ فرمائیں۔

ایڈریس: دی ہوپ اسلامک اسکول، متصل طیبہ مسجد، زمان ٹاؤن کورنگی نمبر 4، کراچی۔ فون: 0333-3452946 , 021-35074664

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے تحت منعقد ہونے والے آن لائن کورسز کی تفصیلات

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے تحت منعقد ہونے والے رجوع الی القرآن کورس کی تفصیلات

Respected Student,

Fehm-e-Deen Online Courses,

Quran Academy, AKQS

Assalaamualaikum,

Below are some useful links for your kind convenience, guidance and information, from which you must go through once, please.

1.Tutorial video to Use the LMS:

https://data.quranacademy.com/Misc-Files/200603-AKQS-LMS.mp4

2.Details of All Courses:

https://data.quranacademy.com/Misc-Files/200603-Courses_Details.pdf

Feel free to contact us on given WhatsApp/Email in case of any inconvenience in this regard, please.

Jazak Allah Khair

نظام الاوقات
برائے آن لائن فہم دین کورسز 2020

اوقات	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ
10:00 10:50	آسان عربی گرامر استاذ فاروق احمد صاحب	آسان عربی گرامر استاذ فاروق احمد صاحب	آسان عربی گرامر استاذ فاروق احمد صاحب	آسان عربی گرامر استاذ فاروق احمد صاحب	------
10:00 10:50	دروس اللغة العربیہ (ایڈوانس) استاذ عاطف محمود صاحب	دروس اللغة العربیہ (ایڈوانس) استاذ عاطف محمود صاحب	دروس اللغة العربیہ (ایڈوانس) استاذ عاطف محمود صاحب	دروس اللغة العربیہ (ایڈوانس) استاذ عاطف محمود صاحب	------
10:50 11:35	قرآن مجید کی سورتوں کا تجزیہ (ایڈوانس) استاذ محمد نعمان صاحب	قرآن مجید کی سورتوں کا تجزیہ (ایڈوانس) استاذ محمد نعمان صاحب	قرآن مجید کی سورتوں کا تجزیہ (ایڈوانس) استاذ محمد نعمان صاحب	قرآن مجید کی سورتوں کا تجزیہ (ایڈوانس) استاذ محمد نعمان صاحب	------
11:40 12:20	تجوید قرآن مجید استاذ فاروق پاشا صاحب	تجوید قرآن مجید استاذ فاروق پاشا صاحب	تجوید قرآن مجید استاذ فاروق پاشا صاحب	تجوید قرآن مجید استاذ فاروق پاشا صاحب	------
12:20 1:00	مطالعہ احادیث نبویہ ﷺ انجینئر سید نعمان اختر صاحب	مطالعہ احادیث نبویہ ﷺ انجینئر سید نعمان اختر صاحب	مطالعہ سیرت النبی ﷺ ڈاکٹر محمد الیاس صاحب	مطالعہ سیرت النبی ﷺ ڈاکٹر محمد الیاس صاحب	------
2:00 3:00	آؤ بچوں دین سیکھیں استاذ سید سلیم الدین صاحب استاذ عمیر کریم خان صاحب	آؤ بچوں دین سیکھیں استاذ سید سلیم الدین صاحب استاذ عمیر کریم خان صاحب	آؤ بچوں دین سیکھیں استاذ سید سلیم الدین صاحب استاذ عمیر کریم خان صاحب	آؤ بچوں دین سیکھیں استاذ سید سلیم الدین صاحب استاذ عمیر کریم خان صاحب	------
6:00 7:00	قرآن حکیم کا منتخب نصاب استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب	قرآن حکیم کا منتخب نصاب استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب	قرآن حکیم کا منتخب نصاب استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب	قرآن حکیم کا منتخب نصاب استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب	------
8:00 9:00	------	------	------	------	دینی و تحریکی لٹریچر استاذ شجاع الدین شیخ صاحب